More Notes, Books Visit Now: www.perfect24u.com

## باب نمبر 20

# پاکستان کی خوشحالی

### اہم الفاظ اور معنی:

| الفاظ | معنی | الفاظ | معنی |
|---|---|---|---|
| بے جا | بے مقصد | زراعت | کھیتی باڑی |
| منسلک | وابستہ | مفلوج | کام کے قابل نہ رہنا |
| مانگ | طلب | نسخہ | طریقہ کار |

### سبق کا خلاصہ:

زراعت انسان کا قدیم پیشہ ہے۔ پاکستان ایک زرعی ملک ہے اور پاکستان کی آبادی کا ستر فیصد زراعت کے شعبے سے وابستہ ہے۔ زراعت پاکستان کیلئے بہت اہم ہے کیوں کہ یہ پاکستان کی معیشت کا بنیادی شعبہ ہے۔ پاکستان کی سرزمین زراعت کیلئے اپنے مثال آپ ہے۔ پاکستان میں زراعت کیلئے آبپاشی کا بہترین نہری نظام موجود ہے۔ پاکستان میں زراعت کو منظم بنانے کیلئے جدید طریقے اپنائے جا رہے ہیں۔ اب مشینی کاشت کاری کی جاتی ہے جس کی وجہ سے فی ایکڑ پیداوار میں اضافہ ہوتا ہے۔

پاکستان کی زراعت میں غذائی اور نقد آور دونوں طرح کی فصلیں حاصل کی جاتی ہیں۔ پاکستان میں اعلیٰ قسم کا خوشبودار چاول پیدا ہوتا ہے جس کی پوری دنیا میں بہت مانگ ہے۔ کپاس بھی پاکستان کی اہم برآمدی فصل ہے۔ کپاس اور چاول کی برآمد سے زرمبادلہ کمایا جاتا ہے۔ بہت سی صنعتیں جن میں آٹا، چاول، خوردنی تیل، دھاگا اور کپڑا بنانے کی صنعتیں شامل ہیں۔ ان کا انحصار زراعت پر ہے۔ پاکستان میں زراعت کے عمل سے کئی طرح کی سبزیاں پیدا کی جاتی ہیں اب بے موسمی سبزیاں بھی اگائی جاتی ہیں۔ پاکستان میں

Perfect24u.com

More Notes, Books Visit Now: www.perfect24u.com

عمدہ قسم کے پھل بھی پیدا ہوتے ہیں۔ پاکستان میں پیدا ہونے والے آم اور کینو دیگر ممالک برآمد کیے جاتے ہیں اور زرمبادلہ کمایا جاتا ہے۔

زراعت سے دیگر شعبے بھی وابستہ ہوتے ہیں جن میں پولٹری فارم، ڈیری فارم اور فش فارم شامل ہیں۔ ڈیری فارم سے دودھ، مکھن اور گھی حاصل کیا جاتا ہے۔ اس کے علاوہ جانوروں کی کھالیں بھی حاصل ہوتی ہیں جو چمڑا بنانے کے کام آتی ہیں۔ پولٹری فارموں سے مرغی کا گوشت اور انڈے حاصل ہوتے ہیں اور مچھلی کے فارموں سے عمدہ قسم کی مچھلی حاصل کی جاتی ہے۔ پاکستان میں زراعت کو ابھی اور ترقی دینے کی ضرورت ہے اس کیلئے کسانوں کو زیادہ سے زیادہ سہولتیں فراہم کی جانی چاہئیں کیوں کہ زراعت کی ترقی سے ہی پاکستان کی خوشحالی ہے۔

# حل شدہ مشق

سوال نمبر ۱: درج ذیل سوالوں کے مختصر جواب تحریر کیجیے:

(الف): "زراعت پاکستان کی ریڑھ کی ہڈی ہے" اس جملے کی وضاحت کریں۔

جواب: زراعت پاکستان کی معیشت کا بنیادی شعبہ ہے جس طرح انسان کے جسم میں ریڑھ کی ہڈی میں کسی نقص کی وجہ سے انسانی جسم مفلوج ہو جاتا ہے اس طرح پاکستان میں زراعت کے کمزور ہونے سے ملک کی مجموعی معیشت کمزور ہو جاتی ہے۔

(ب): کون سی صنعتیں زرعی پیداوار کی مرہون منت ہیں؟

جواب: آٹے، چاول، خوردنی تیل، دھاگا اور کپڑا بنانے کی صنعتیں زرعی پیداوار کی مرہون منت ہیں۔

(ج): قدرتی کھاد سے کیا مراد ہے؟

جواب: پودوں کی نشوونما کیلئے وہ کھاد جو کہ قدرتی طور پر جانوروں کے گوبر سے حاصل کی جاتی ہے قدرتی کھاد کہلاتی ہے۔

www.Perfect24u.com

Perfect24u.com

More Notes, Books Visit Now: www.perfect24u.com

(د): ڈیری فارم سے ہمیں کیا حاصل ہوتا ہے؟

جواب: ڈیری فارم سے ہمیں دودھ، مکھن، گھی اور گوشت حاصل ہوتا ہے اس کے علاوہ چمڑا تیار کرنے والے کارخانوں کیلئے کھالیں بھی ڈیری فارم سے حاصل کی جاتی ہیں

(ہ): درآمد اور برآمدات سے کیا مراد ہے؟

جواب: وہ تمام اشیاء جو ایک ملک دوسرے ممالک سے خریدتا ہے اور ملک میں منگواتا ہے درآمدات کہلاتی ہیں۔ ایسی اشیاء جو ملکی ضروریات کے لحاظ سے زیادہ ہوتی ہیں انہیں ایک ملک دوسرے ملک کو فروخت کرتا ہے انہیں برآمدات کہا جاتا ہے۔

(و): صنعت کا زراعت کے ساتھ کیا تعلق ہے؟

جواب: صنعت کا زراعت سے گہرا تعلق ہے کیوں کہ بہت سی صنعتوں کی ترقی کا انحصار زرعی پیداوار سے ہوتا ہے۔ صنعتوں میں بہت سی اشیاء کی تیاری کیلئے خام مال زراعت سے حاصل کیا جاتا ہے۔

سوال نمبر۲: درست جواب پر (✓) کا نشان لگائیے:

(الف): بھینسیں اور گائیں ہوتی ہیں:

(۱) زرعی فارم میں (۲) پولٹری فارم میں

(۳) ڈیری فارم میں (✓) (۴) فش فارم میں

(ب): ہارویسٹر مشین کام آتی ہے:

(۱) ہل چلانے کے (۲) بیج بونے کے

(۳) کھاد بکھیرنے کے (۴) فصل کاٹنے اور اگانے کے (✓)

(ج): پاکستان ملک ہے:

(۱) صنعتی (۲) زرعی (✓) (۳) نیم صنعتی (۴) نیم زرعی

(د): بیجوں پر تجربات کرتے ہیں:

(۱) کسان (۲) سائنسدان (✓)

(۳) تاجر (۴) صنعت کار

Perfect24u.com

More Notes, Books Visit Now: www.perfect24u.com

(ہ): پام آئل کام آتا ہے:

(۱) ٹریکٹر چلانے کے (۲) ٹیوب ویل چلانے کے

(۳) کھانا پکانے کے (✓) (۴) بالوں میں لگانے کے

سوال نمبر ۳: واحد اور جمع لکھیے:

| واحد | جمع |
|---|---|
| ۱۔ وسیلہ | وسائل |
| ۲۔ دیہی | دیہات |
| ۳۔ ایجاد | ایجادات |
| ۴۔ سہولت | سہولیات |
| ۵۔ دوا | دوائیں، ادویات |
| ۶۔ مشکل | مشکلات |

سوال نمبر ۵: دیے گئے الفاظ کو اپنے جملوں میں استعمال کیجیے:

| الفاظ | جملے |
|---|---|
| ۱۔ معیشت | پاکستان کی معیشت زراعت پر منحصر ہے۔ |
| ۲۔ خدانخواستہ | گاڑی تیز رفتاری سے نہیں چلانی چاہیے خدانخواستہ کوئی حادثہ نہ پیش آ جائے۔ |
| ۳۔ خودکفالت | پاکستان گندم اور چاول کی پیداوار میں خودکفالت حاصل کر چکا ہے۔ |
| ۴۔ انقلاب | انقلاب زمانہ ہر شے کو بدل کر رکھ دیتے ہیں۔ |
| ۵۔ زرمبادلہ | پاکستان چاول اور کپاس کی برآمد سے زرمبادلہ کماتا ہے۔ |

www.Perfect24u.com

Perfect24u.com

More Notes, Books Visit Now: www.perfect24u.com

سوال نمبر ۶: دیئے گئے الفاظ کے متضاد لکھیے:

| الفاظ | متضاد الفاظ |
|---|---|
| ۱۔ زندگی | موت |
| ۲۔ دیہی | شہری |
| ۳۔ بیرونی | اندرونی |
| ۴۔ زرخیز | بنجر |
| ۵۔ خوش حال | بدحال |
| ۶۔ سستا | مہنگا |

سوال نمبر ۷: سبق کے اہم نکات کو ذہن میں رکھتے ہوئے کم از کم سو لفظوں میں اس کا خلاصہ لکھیے:

جواب: جواب کیلئے سبق کا خلاصہ دیکھیے۔

سوال نمبر ۸: زرعی پیداوار کو بڑھانے کیلئے جو اقدامات ہو رہے ہیں ان سے طلبا کو آگاہ کیجیے:

جواب: زرعی پیداوار میں اضافے کیلئے کئی اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ مختلف زرعی علاقوں میں کسانوں اور کاشت کاروں میں جدید کاشت کاری کے طریقے متعارف کرائے جا رہے ہیں۔ زرعی مشینوں کو استعمال کرنے کیلئے کسانوں کو اور کاشت کاروں کو تربیت فراہم کی جا رہی ہے۔ کسانوں اور کاشت کاروں کو عمدہ بیجوں کی فراہمی کی جا رہی ہے۔ کسانوں اور کاشت کاروں کو آسان شرائط پر قرضے فراہم کیے جا رہے ہیں۔ زرعی ترقیاتی بینک کو اس مقصد کیلئے فعال بنایا گیا ہے۔

www.Perfect24u.com

Perfect24u.com

More Notes, Books Visit Now: www.perfect24u.com

www.Perfect24u.com

Perfect24u.com